پریس ریلیز

حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب کی قیادت میں وفاق المدارس کے اعلیٰ سطحی وفد کا مولانا راغب نعیمی اور مفتی منیب الرحمٰن سے اظہار تعزیت

مولانا سرفراز نعیمیؒ کی شہادت فرقہ وارانہ فسادات کرانے اور اتحاد تنظیمات کے خلاف سازش تھی جو علماء کے اتحاد نے ناکام کر دی

لاہور (21 جون 2009ء) وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے مرکزی صدر مولانا سلیم اللہ خان کی قیادت میں وفاق المدارس پاکستان کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے جامعہ نعیمیہ لاہور میں صاحبزادہ مولانا راغب نعیمی اور مولانا مفتی منیب الرحمٰن سے ملاقات کرتے ہوئے مولانا ڈاکٹر سرفراز نعیمیؒ کی شہادت پر اظہار تعزیت اور مرحوم کے لئے مغفرت کی دعا کی۔ وفد میں جامعہ اشرفیہ کے نائب مہتمم و شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن اشرفی، مولانا حافظ فضل الرحیم، قاری محمد حنیف جالندھری، مولانا قاری احمد میاں تھانوی، مولانا محمد اکرم کشمیری، مولانا محمد امجد خان، مولانا اسد اللہ فاروق، مولانا مجیب الرحمٰن انقلابی اور مولانا فہیم الحسن تھانوی شامل تھے۔

وفاق المدارس کے وفد نے مولانا سرفراز نعیمی کی شہادت پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے مذہبی قوتوں اور دینی اداروں کے درمیان اتحاد کے حوالہ سے مولانا سرفراز نعیمی کی کوششوں پر خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ مولانا نعیمی کے مشن کو اتحاد تنظیمات مدارس اور باہمی اتحاد و اتفاق کی صورت میں باقی رکھا جائے گا۔

اس موقعہ پر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل قاری محمد حنیف جالندھری نے مولانا مفتی منیب الرحمٰن اور مولانا راغب نعیمی سمیت دیگر علماء کی موجودگی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی نظام کا نفاذ، پاکستان کے استحکام، دینی مدارس کے تحفظ و دفاع اور ملک میں بیرونی مداخلت و جارحیت کے خاتمہ کے لئے ہم متحد و منظم ہو کر مشترکہ کوششیں جاری رکھیں گے۔

انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی سلامتی اور فرقہ واریت کے خاتمہ کے لئے دینی و مذہبی قوتوں کا اتحاد وقت کی اشد ضرورت ہے اور ملک دشمن قوتوں کے مذموم عزائم کو باہمی مضبوط اتحاد سے ہی ناکام بنایا جا سکتا ہے۔ اس موقعہ پر مولانا غلام رسول سیالوی، مفتی ہدایت اللہ پسروری اور مولانا صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ ہزاروی بھی موجود تھے۔